لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار

روزنامہ

برائٹ سٹار

گوجرانوالہ پاکستان

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی

سینئر ایڈیٹر محمد یونس مغل

ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 14 | بروز جمعرات 18 جنوری 2024ء ، 06 رجب المرجب 1445ھ صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ: 136

وفاقی محتسب دوران سماعت 16 شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ

تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ انکے مسائل کا بہترین حل ہے: میاں محمد شفیع

پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے: گفتگو

گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے مورخہ 2024-01-17 کو نارووال کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر آفس کمپلیکس میں ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کے کمرے میں لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پہ کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سوئی گیس، ایچ ای سی، پاکستان پوسٹ آفس، ایف آئی اے، نیشنل بینک اور کنٹرولر ملٹری اکانٹس کے خلاف (19) شکایات سنیں۔ اس موقع پر گیپکو، سوئی گیس، ایچ ای سی، پاکستان پوسٹ آفس، ایف آئی اے، نیشنل بینک اور کنٹرولر ملٹری اکانٹس کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (16) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (03) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے بعد ازیں میاں محمد شفیع ایڈوائزر) انچارج (نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا وفاقی محتسب کے ادارے کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے اور اس سلسلے میں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ لوگوں کو وفاقی محتسب کے دفتر کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے میں ہماری مدد کی جائے تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنے مسائل کے حل کیلئے وفاقی محتسب آفس سے رجوع کریں۔